www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | بدھ 27 صفر 1446ھ 02 ستمبر 2024ء، صفحات 08 | شمارہ 65

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے

DRAP Enlistment # 6-00873 7-0873902223

صرف توت سیاہ نہیں ۔۔۔ بلکہ
توت سیاہ + ملٹھی

بلوچستان میں بارشوں سے تباہی کوئٹہ چمن شاہراہ بہہ گئی مزید 3 افراد جاں بحق سینکڑوں کچے مکانات منہدم

حب ڈیم سے پانی کا اخراج شروع

بسی سے ہرنائی جانے والی پک اپ سیلابی ریلے میں بہہ گئی جس کے نتیجے میں محکمہ لائیو اسٹاک کا ملازم محمد ابراہیم مجگ اور اس کی اہلیہ جاں بحق ہوگئے جبکہ دیگر مسافروں کو مقامی افراد نے ڈوبنے سے بچالیا

آج سے مزید بارشوں کی پیشگوئی، کئی اضلاع میں موبائل فون، انٹرنیٹ سروسز اور بجلی کی سپلائی معطل، چمن، قلعہ عبداللہ، قلعہ سیف اللہ اور زیارت میں کئی کلومیٹر سڑکیں، پل اور متعدد گھر ریلوں میں بہہ گئے

باغات اور فصلوں کو شدید نقصان، بالائی علاقوں میں لیویز وائرلیس سسٹم کے ذریعے رابطوں کی کوشش قلعہ عبداللہ اور قلعہ سیف اللہ میں سینکڑوں افراد کھلے آسمان تلے رہنے پر مجبور، درجنوں دیہات زیر آب

حب ڈیم میں سطح آب 340 فٹ پر پہنچنے کے بعد اسپیل ویز سے پانی کا اخراج شروع، اسپیل ویز سے 7 ہزار کیوسک پانی حب ندی میں خارج ہو رہا ہے، ضلعی انتظامیہ نے حفاظتی انتظامات مکمل کر لیے

یکم جولائی سے اب تک بارشوں سے 13 بچوں سمیت 35 افراد جاں بحق 558 گھر مکمل منہدم 13 ہزار 986 کو جزوی نقصان پہنچا، بارشوں سے ایک لاکھ 9 ہزار 903 افراد متاثر ہوئے، پی ڈی ایم اے

کوئٹہ، اندرون بلوچستان (نمائندگان + نیوز ایجنسیاں) بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں بارشوں کی تباہ کاریاں جاری، جس کے باعث انفرا اسٹرکچر کو شدید نقصان پہنچا، سینکڑوں کچے مکانات ڈھ گئے، کوئٹہ چمن شاہراہ بھی کئی جگہ سے بہہ گئی، طوفانی بارشوں کے باعث صوبے کے کئی اضلاع میں موبائل فون، انٹرنیٹ سروسز اور بجلی کی سپلائی معطل ہوگئی جبکہ بارش اور سیلاب کے باعث حادثات میں مزید 3 افراد ہلاک جاں بحق ہوگئے بسی سے ہرنائی جانے والی پک اپ نیگی سیلابی ریلے میں بہہ گئی جس کے نتیجے میں میاں بیوی جاں بحق ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق بسی سے ہرنائی جانے والی پک اپ نیگی ندی میں سیلابی ریلے میں بہہ گئی جس کے نتیجے ..... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

نصیر آباد ڈی ڈی ایچ او ڈاکٹر محمد حسن ڈومکی اور پی پی ایچ آئی کے ڈی ایس ایم فیصل اقبال کھوسہ متھوشوری میں سیلاب سے متاثر خواتین میں کٹس تقسیم کر رہے ہیں

وزیراعظم پی ٹی آئی سمیت تمام سیاسی جماعتوں سے مذاکرات کی قیادت کریں، یوسف رضا گیلانی

ٹیم کے کپتان وزیراعظم کوئی فیصلہ کریں گے تو نیشنل سکیورٹی اور قومی معاملات پر ساتھ دیں گے، پیپلز پارٹی نے ہمیشہ مذاکرات کو ترجیح دی

تمام جماعتوں کو باہمی اختلافات بھلا کر عوام کیلئے کام کرنا ہوگا، عہدے آتے جاتے رہتے ہیں، ملک اور قوم کا خیال رکھیں، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی نے کہا ہے قومی مفاد میں تحریک انصاف سمیت تمام سیاسی جماعتوں سے مذاکرات ہونے چاہئیں، تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین سینٹ یوسف رضا گیلانی نے کہا سیاستدانوں کے آپس میں مذاکرات ہونے چاہئیں، وزیراعظم شہباز شریف کو سیاسی جماعتوں کے مذاکرات کی سربراہی کرنی چاہیے وہ اقدام اٹھائیں اس وقت ہم کے کپتان وزیراعظم ہیں، فیصلہ کرنا ہوگا، وزیراعظم کوئی فیصلہ کریں گے تو نیشنل سکیورٹی اور قومی معاملات پر ساتھ دیں گے، ون پوائنٹ ایجنڈے پر ملکی سکیورٹی اور..... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

مجمل تکسی، سیلاب متاثرین میں تقسیم کرنے کیلئے خیمے لے جائے جا رہے ہیں

نوکی کیلئے سپیشل ایکٹ، دہشتگردی کیلئے افغان زمین کے استعمال کے مزید شواہد سامنے آگئے

فتنہ الخوارج کے سرغنہ نور ولی اور مزاحم محسود افغانستان میں موجود ہیں، گاڑی اور اسلحے سمیت سرکاری افغان کارڈ بھی ایشو کیا گیا

دہشتگردوں کو گاڑی، بندوقیں رکھنے کی بھی اجازت، افغان حکومت خارجیوں کو دہشتگردی کیلئے سہولت کاری فراہم کر رہی ہے، سکیورٹی ذرائع

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان میں دہشتگردی کیلئے افغان سرزمین استعمال ہونے کے مزید شواہد منظر عام پر آگئے، سکیورٹی ذرائع کے مطابق فتنہ الخوارج کے سرغنہ نور ولی اور مزاحم محسود افغانستان میں موجود ہیں، دہشتگرد نور ولی اور مزاحم کو افغانستان میں رہائش کیلئے سپیشل پرمٹ دیا گیا، گاڑی اور اسلحے سمیت سرکاری افغان کارڈ بھی ایشو کیا گیا ..... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانیوں کے مقدس خون کے ایک ایک قطرے کا حساب لیں گے کسی کو بندوق کے زور پر اپنا نظریہ مسلط نہیں کرنے دیا جائیگا لواحقین کو فی کس 20 لاکھ روپے ادا کریں گے وزیراعلیٰ

معصوم شہریوں کے قاتل ناراض بلوچ نہیں دہشتگرد ہیں

میر سرفراز بگٹی کی شہید کیپٹن محمد علی قریشی کے اہلخانہ سے تعزیت کے بعد پریس کانفرنس

بلوچستان میں آرمی ہے نہ کوئی آپریشن ہو رہا، یہ ناراض بلوچ نہیں ان کو دہشتگرد کہا جائے، گڈ یا بیڈ وائلنس کو برداشت نہیں کیا جا سکتا، بلوچستان میں کوئی سیاسی مسئلہ نہیں نہ حقوق کی جنگ ہے

جو آئین کے فریم ورک سے باہر آزادی کی بات کر رہا ہے اس سے کیسے بات کی جائے، جو معصوم لوگوں کو شہید کریں کیا ان سے مذاکرات کروں یا انہیں کیفر کردار تک پہنچاؤں، لاہور میں پریس کانفرنس

پاکستان کو کمزور کرنے کی بلوچستان میں منظم سازش کی جا رہی ہے، کسی کو بندوق کے زور پر اپنا نظریہ مسلط نہیں کرنے دیا جائے گا، صوبے کو جتھوں کو حوالے نہیں کیا جا سکتا یہ پاکستان کو کمزور کرنا چاہتے ہیں

بلوچ روایات میں خواتین اور بچوں کا احترام ہوتا ہے، معصوم شہریوں کو خواتین اور بچوں کے سامنے بسوں سے اتار کر شہید کرنا بلوچ روایات نہیں، یہ اسلامی روایات ہیں اور نہ ہی معاشرہ اس کی اجازت دیتا ہے

بلوچستان میں پیرا ملٹری، لیویز، سی ٹی ڈی اور پولیس ہے، ہم انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کر رہے، اگر سوات طرز کے آپریشن کی ضرورت پڑی تو بالکل کرینگے، انہیں بتانا چاہتے ہیں ظلم کا انجام بڑا بھیانک ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان، وزیر داخلہ، اور کور کمانڈر کوئٹہ کی شہید کیپٹن محمد علی قریشی کی رہائشگاہ آمد، شہید نے جواں مردی کے ساتھ دہشتگردوں کا مقابلہ کیا، ہمیں شہداء کی قربانیوں کی قدر ہے، اہلخانہ سے بات چیت

لاہور/ کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستانیوں کا جو مقدس خون گرا ہے اس کے ایک ایک قطرے کا حساب لیا جائے گا، معصوم شہریوں کو بسوں سے اتار کر شہید کیا گیا، کسی بلوچ نے پنجابی کو قتل نہیں کیا بلکہ دہشتگردوں ..... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

لاہور، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی پریس کانفرنس کر رہے ہیں، چیف سیکرٹری ظفیل قادر خان بھی موجود ہیں

معیشت مستحکم مہنگائی میں مزید کمی کی پیشگوئی خوش آئند، اصلاحات کے اثرات جلد سامنے آئینگے

شہباز شریف

موڈیز کی جانب سے کریڈٹ ریٹنگ کو اپ گریڈ کرنا عالمی مالیاتی اداروں کی جانب سے پاکستان کے مثبت معاشی اشاریوں کا اعتراف ہے

رائٹ سائزنگ پالیسی پر بھی تیزی سے کام ہو رہا ہے، مہنگائی خود کر رہا ہوں، عوام کی مشکلات، مسائل کے حل کیلئے دن رات کوشاں ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے افراط زر کی شرح میں کمی اور موڈیز کی ریٹنگ میں بہتری پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا معاشی ماہرین کی ستمبر مہنگائی کی شرح میں مزید کمی کی پیش گوئی خوش آئند ہے، وزیراعظم شہباز شریف نے افراط زر کی..... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار میں قبائلی تصادم دو افراد جاں بحق ہرنائی میں ایک قتل

دونوں قبائل تاحال مورچہ زن، حاجی ولد محمد بخش اور محمد رمضان موقع پر جاں بحق

اندرون بلوچستان (نمائندگان مشرق) خضدار کے علاقے گاج میں قبائلی تصادم دو افراد جان بحق آمد و اطلاعات کے مطابق گاج چھاور نچھی میں خونی قبائلی تصادم اقوام..... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

سائنس کالج کوئٹہ میں پراسرار آتشزدگی کلاس رومز جل کر خاک ہوگئے

اعلیٰ سطحی تحقیقات کا حکم

آتشزدگی سے کالج کے بڑے حصے کو نقصان پہنچا، فائر بریگیڈز نے آگ پر قابو پالیا، ریکارڈ روم محفوظ

آتشزدگی کے واقعے کی اطلاع کافی دیر بعد ملی واقعے سے متعلق انکوائری کا حکم دے دیا ہے، وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی

تمام چوکیدار معطل، امید نہیں تھی کہ اس حد تک نقصان ہوگا واقعہ سے متعلق تحقیقات کی جا رہی ہیں، ڈائریکٹر کالجز کی بات چیت

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے قدیم اور بڑے تعلیمی ادارے سائنس کالج میں پراسرار طور پر آگ لگنے کا واقعہ، کالج کے دفاتر اور کلاس رومز کو شدید نقصان پہنچا تاہم کالج انتظامیہ کے مطابق تعلیمی ریکارڈ محفوظ ہے۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ شب کوئٹہ کے جناح روڈ پر واقع سائنس کالج میں پراسرار طور پر آگ لگنے سے کالج کے بڑے حصے کو نقصان پہنچا تاہم واقعے ..... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

آئی پی پیز مالکان کو کمیٹی میں طلب کرنے کی خبریں بے بنیاد ہیں، پاور ڈویژن

آئی پی پیز کے مالکان کو تحقیقاتی کمیٹی میں طلب نہیں کیا گیا، خبروں میں صداقت نہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) مختلف ٹی وی چینلز پر تحقیقاتی کمیٹی کی جانب سے آئی پی پیز مالکان کو طلب کرنے کی خبریں بے بنیاد قرار دے دی گئیں، پاور ڈویژن ..... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ 1942 میں قائم شدہ سائنس کالج میں آتشزدگی سے ہونے والی تباہی کا منظر

این ڈی ایم اے نے مون سون بارشوں کے نئے سپیشل کی پیشگوئی کر دی

اسلام آباد (م ذ) بارشوں کا نیا سلسلہ آج سے 5 ستمبر تک جاری رہے گا، اربن فلڈنگ، ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے تمام متعلقہ محکموں کو الرٹ رہنے اور حفاظتی اقدامات کی ہدایت کر دی

کرم میں دہشت گردوں کا پولیس چیک پوسٹ پر حملہ، 3 اہلکار زخمی

کرم (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے ضلع وسطی کرم میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کے حملے کے نتیجے میں 3 پولیس اہلکار زخمی ہوگئے، پولیس کے مطابق وسطی کرم کے علاقے مرغان میں رات گئے پولیس چیک..... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

تاجر تنظیموں اور ایف بی آر میں ڈیڈ لاک کا خاتمہ، آج مذاکرات طے

خوش آئند ہے سب ملکر ریاست کیلئے کام کریں، تاجر وفد کی تجاویز کا خیر مقدم کیا جائے گا، نعیم میر

لاہور (بیورو رپورٹ) چیف کوآرڈی نیٹر تاجر دوست سکیم نعیم میر نے کہا ہے تاجر تنظیموں اور ایف بی آر میں ڈیڈ لاک کا خاتمہ ہوگیا، آج ایف بی آر ہیڈ کوارٹر..... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

عمران خان طالبان دوست بطور چانسلر نامزدگی آکسفورڈ خواتین کی توہین ہے، برطانوی اخبار

بانی پی ٹی آئی اسامہ بن لادن کو شہید کہتے، دہشتگرد کہنے سے انکاری، طالبان کو غلامی کی زنجیریں توڑنے پر مبارکباد دیتے ہیں

آزادی اظہار پر متنازع بیانات یونیورسٹی روایات کیخلاف، چین اینغور مسلمانوں پر ظلم کر رہا تھا تو عمران خان تعریفیں کر رہے تھے

لندن (بیورو رپورٹ) ممتاز برطانوی اخبار گارجین میں شائع ہونے والے مضمون میں تحریک انصاف کے بانی عمران خان کو طالبان دوست قرار دیدیا، برطانوی اخبار نے کہا بانی پی ٹی آئی اسامہ بن لادن کو شہید کہتے اور دہشتگرد کہنے سے انکاری ہیں..... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی حکومت کا سائنس کالج آتشزدگی کا نوٹس، تحقیقات کا حکم

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے قدیمی درس گاہ میں آتشزدگی سے متعلق رپورٹ طلب کر لی، شاہد رند

تحقیقاتی کمیٹی واقعہ کا تمام پہلوؤں سے جائزہ لیکر جامع رپورٹ پیش کرے گی، ترجمان حکومت بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) ترجمان صوبائی حکومت شاہد رند نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان نے سائنس کالج میں آتشزدگی کے واقعہ کا نوٹس لیکر تحقیقات کا حکم دے دیا ہے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں ترجمان نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قدیمی درس گاہ میں آتشزدگی سے متعلق رپورٹ طلب کر لی، سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن..... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

پاک فوج ہمیشہ حق اور سچ اور ملک کے دفاع کیساتھ کھڑی ہے، کرنل خالد

والد کے انتقال پر گاؤں آیا تھا، عصر کے وقت 12، 14 خوارج نے مسجد سے ہمیں اغوا کیا

اسلام آباد (آئی این پی) فتنہ الخوارج کے چنگل سے رہائی پانے والے کرنل خالد نے کہا ہے کہ پاک فوج ہمیشہ حق اور سچ اور ملک کے دفاع کے ساتھ کھڑی ہے..... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں زرعی ٹیوب ویلز کی سولر پر منتقلی کا منصوبہ سست روی کا شکار

صوبائی حکومت اور وفاق کے درمیان منصوبے پر عمل کیلئے دو ماہ قبل معاہدہ کیا گیا

29 ہزار زرعی ٹیوب ویلز کو سولر پر منتقلی کیلئے ساڑھے 38 ارب وفاقی حکومت دیگی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں 29 ہزار زرعی ٹیوب ویل کو سولر پر منتقلی کا منصوبے سست روی کا شکار ہوگیا تقریباً دو ماہ عرصہ ہونے باوجود ابھی تک ایک بھی زرعی ٹیوب ویل کو سولر پر منتقل نہیں کیا جا سکا ہے محکمہ توانائی کے حکام کا کہنا ہے کہ صوبے کے مختلف اضلاع میں زرعی ٹیوب ویلز کے مالکان کی تصدیق کا عمل جاری ہے، دس سے پندرہ روز میں منصوبے کا افتتاح..... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ اوپسنی میں دھماکے، باپ بیٹا زخمی فورسز نے علاقے کو گھیر لیا

بم چمن پھاٹک پر ایف سی کی چیک پوسٹ کے قریب رکھا گیا تھا، جو زوردار دھماکے سے پھٹا، زخمی ہسپتال منتقل

پولیس، سی ٹی ڈی اور فورسز کی بھاری نفری و بم ڈسپوزل اسکوارڈ نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا

پسنی میں نامعلوم افراد کی جانب سے وائن شاپ پر دستی بم سے حملہ تاہم بم پھٹ نہ سکا، جسے ناکارہ بنا دیا گیا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر، یو این اے) چمن پھاٹک پر ایف سی کی چیک..... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، بم دھماکے کے بعد سیکورٹی اہلکار جائے وقوعہ کا معائنہ کر رہے ہیں

باجوڑ، بازار میں دھماکہ، ایک شخص جاں بحق، 2 زخمی

باجوڑ (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے ضلع باجوڑ کی تحصیل سالارزئی..... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کے ہسپتالوں میں ادویات کی قلت کا مسئلہ سنگین

محکمہ صحت ادویات کی خریداری نہ کر سکا، نیا ٹینڈر 7 ستمبر تک متوقع ہے

بجٹ منظوری کے بعد ادویات کیلئے فنڈز کی فراہمی میں دو ماہ کا وقت لگا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ہسپتالوں میں ادویات کی قلت کا مسئلہ سنگین صورتحال اختیار کر گیا مریضوں کی شکایات ہے کہ کوئٹہ سمیت صوبے کے ہسپتالوں میں ادویات تو دور کی بات سرنج تک دستیاب نہیں ہے دوسری جانب صوبے کا بجٹ منظور ہوئے دو ماہ کا..... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

ایف بی آر نے 2 مہینوں میں 1588 ارب کے محصولات جمع کر لئے

ٹیکوڈیٹی مسائل کے حل کیلئے برآمد کنندگان کو 132 ارب روپے کے ریفنڈز جاری کئے گئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے رواں مالی سال کے 2 مہینوں جولائی اور اگست میں مجموعی طور پر 1588 ارب کے محصولات جمع..... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

دواؤں کی قیمتوں پر حکومتی کنٹرول ختم، دواساز کمپنیوں کی چاندی

قیمتیں 25 فیصد بڑھنے سے دوا بنانے والی کمپنیوں نے 22 فیصد زیادہ منافع حاصل کیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) دواؤں کی قیمتوں پر حکومتی کنٹرول ختم ہونے سے دواساز کمپنیوں کی چاندی ہوگئی، ہیلتھ کیئر ایجنٹکل فرم کے مطابق قیمتوں میں اضافہ نان اسٹنٹل دواؤں کی قیمتیں میں حکومتی کنٹرول ختم کرنے کے بعد ہوا، دوائیوں کی قیمتیں 25 فیصد..... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر



اسلام آباد پشتونخوا میپ کے چیئرمین محمود خان اچکزئی سے ارشد علی خان اور ڈاکٹر محمد علی ملاقات کر رہے ہیں

بجلی کے بھاری بلوں پر چند روپے کی کمی خیرات بادشاہ سلامت چاہیے، حافظ نعیم الرحمن

سستی بجلی کیلئے عوام کو گھروں سے نکلنا پڑیگا، افسوس ملک کے ہر تعلیمی ادارے تک منشیات پہنچ چکی، بچوں کے جسموں میں زہر اتارا جا رہا ہے

ن لیگ، پیپلز پارٹی، پی ٹی آئی نے ہر دور میں آئی پی پیز سے معاہدے کئے، دائیں اور بائیں اے ٹی ایم ہوں تو اکیلا بندہ کیا کریگا، خطاب

لاہور (بیورو رپورٹ) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے بجلی کے بھاری بلوں پر چند روپے کی کمی خیرات ہے، بادشاہ سلامت خیرات نہیں حق چاہیے، لاہور میں جماعت اسلامی کے زیر اہتمام میٹرک پوزیشن ہولڈر طلبہ کے اعزاز میں یوتھ ٹیلنٹ ایوارڈ تقریب کا انعقاد کیا گیا، تقریب سے خطاب کرتے..... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

کراچی یونیورسٹی سنڈیکیٹ نے ہائی کورٹ جج کی ڈگری منسوخ کر دی

ڈگری کا معاملہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس طارق محمود جہانگیری سے متعلق ہے، ڈاکٹر ریاض

کراچی (بیورو رپورٹ) جامعہ کراچی کے سنڈیکیٹ نے اپنی ان فیئر میٹرز (یو ایف ایم) کمیٹی کی سفارش پر ہائی کورٹ کے..... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

ن لیگی رہنما پی ٹی آئی سے مذاکرات تقسیم کا شکار، خواجہ آصف احسن اقبال مخالف

سعد رفیق، رانا ثنا، ایاز صادق مشروط مذاکرات سے متفق، سینئر قیادت فضل الرحمن، محمود اچکزئی سے بات چیت جاری رکھنے پر آمادہ

محمود اچکزئی، رانا ثناء کے درمیان گفتگو 2 ماہ سے جاری ہے، پیشرفت ہونے پر خبر کو میڈیا سے بھی شیئر کیا گیا، فواد چودھری

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ن لیگی رہنما پی ٹی آئی سے مذاکرات پر تقسیم کا شکار ہوگئے، ذرائع کے مطابق احسن اقبال، خواجہ آصف مذاکرات کے حق میں نہیں، سعد رفیق، رانا ثنا، ایاز صادق مشروط مذاکرات سے متفق ہیں، ن لیگ کی سینئر قیادت جے یو آئی (ف) کے سربراہ فضل الرحمن اور محمود اچکزئی سے بات..... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

مولانا ہدایت الرحمن نے دھرنے کی دھمکی دے دی

سرکاری معاملات میں مداخلت بند نہ ہوئی تو 5 ستمبر سے دھرنا دیں گے، مولانا ہدایت الرحمن

گوادر (بیورو رپورٹ) گوادر سے تعلق رکھنے والے ممبر صوبائی اسمبلی اور حق دو تحریک (ایچ ڈی ٹی) کے رہنما ..... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

امید ہے پی ٹی آئی اور اسٹیبلشمنٹ میں ڈیڈ لاک مزید برقرار نہیں رہے گا، رؤف حسن

طاقت حکومت نہیں بلکہ اسٹیبلشمنٹ کے پاس، عدالتی عمل یا نئے انتخابات سے مینڈیٹ کی تصحیح کی جائے، سیکرٹری اطلاعات تحریک انصاف

8 ستمبر کا جلسہ ہر حال میں ہوگا، پارلیمنٹ، عدلیہ کے بعد سب سڑکوں پر تحریک چلائینگے، وفد کی فضل الرحمن سے ملاقات بہت خوشگوار رہی، انٹرویو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کے انفارمیشن سیکرٹری رؤف حسن نے کہا ہے امید ہے پی ٹی آئی اور اسٹیبلشمنٹ میں ڈیڈ لاک مزید نہیں رہے گا، بات چیت کیلئے دروازے کھلے ہیں، رؤف حسن ..... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

مشعال کی کارکردگی غیر تسلی بخش، بشریٰ کا نام استعمال کرتی تھی، اندرونی کہانی

خاتون رہنما کی کابینہ میں کارکردگی تھی نہ پارٹی کو کچھ فائدہ دیا، رابطہ صرف اعلیٰ قیادت کیساتھ ہی ہوتا تھا

مشعال کو کابینہ میں لینا میرے لیے باعث تعجب تھا، نہیں پتہ پارٹی میں کیا خدمات ہیں، شوکت یوسفزئی

پشاور (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کے مشیر برائے محکمہ سماجی بہبود مشعال یوسفزئی سے قلمدان واپس لینے اور پارٹی کے اندر مخالفت کی اندرونی..... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

علی گیلانی بھارتی بربریت کے سامنے آہنی دیوار بن کر کھڑے رہے، بلاول بھٹو

تصفیہ طلب تنازع کشمیر کی وجہ سے پورے خطے کا امن و استحکام اور ترقی خطرے میں ہے

کراچی (بیورو رپورٹ) پیپلز پارٹی کے چیئرمین و سابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو نے کہا ہے علی گیلانی مرحوم بھارتی بربریت کے سامنے آہنی دیوار بن کر کھڑے رہے..... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی نے اسلام آباد جلسے پر توجہ مرکوز کرنے کیلئے لاہور جلسے کی تاریخ بدل دی

12 ربیع الاول کے موقع پر تحریک انصاف بڑی مذہبی تقریب بھی منعقد کرے گی

لاہور (بیورو رپورٹ) پی ٹی آئی نے اسلام آباد جلسے پر توجہ مرکوز کرنے کیلئے لاہور جلسے کی تاریخ بدل دی، پنجاب کے جنرل سیکرٹری حماد اظہر نے اعلان کیا پارٹی..... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

طوفان اسنی کا خطرہ ختم کراچی سے فاصلہ مزید بڑھ گیا مغرب کی جانب گامzن

طوفان کے زیر اثر اور ماڑہ، پسنی، گوادر، جیوانی، تربت میں گرج چمک تیز ہواؤں کیساتھ کہیں ہلکی کہیں تیز بارش کا امکان

بلوچستان کے ماہی گیر اور شہری سمندر میں جانے سے گریز کریں، محکمہ موسمیات نے ٹراپیکل سائیکلون کا 9 واں الرٹ جاری کر دیا

کراچی (بیورو رپورٹ) طوفان اسنی کا خطرہ ٹل گیا، مغرب کی جانب گامزن، کراچی سے فاصلہ مزید بڑھ گیا، محکمہ موسمیات نے ٹراپیکل سائیکلون کا 9 واں الرٹ جاری کر دیا، محکمہ موسمیات کے مطابق سمندری طوفان مزید جنوب مغرب کی جانب بڑھ..... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

اپنے بوتے پر قائم ن لیگ سے کوئی مذاکرات کی نہیں خواہش، چیئرمین پی ٹی آئی

قومی اسمبلی کی کارروائی پر سپیکر سے مختلف معاملات پر بات چیت ہوتی ہے، پی ٹی آئی نے مذاکرات کی کوئی آفر دی نہ ہی فیور مانگا

کوئی پی ٹی آئی رکن اسمبلی لیگی قیادت یا رہنماؤں سے بات چیت کیلئے رابطے میں نہیں، بیرسٹر گوہر کی نجی ٹی وی چینل سے گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے پارٹی کی سینئر قیادت نے ن لیگ سے کوئی..... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

قوم نے ہمیشہ بدی کا ساتھ دیا، مجھے سیاست میں مسترد کر دیا، طاہر القادری

کئی مرتبہ انتخابات میں اچھے، ایماندار اور نیک لوگوں کو ٹکٹ دیئے لیکن لوگوں نے ووٹ نہیں دیا

دینی خدمت کیلئے کینیڈا منتقل ہونے کا فیصلہ بہت شاندار رہا، معروف مذہبی سکالر کا تقریب سے خطاب

ٹوکیو (بیورو رپورٹ) تحریک منہاج القرآن (پی ایم کیو) کے سربراہ اور معروف مذہبی سکالر طاہر القادری نے کہا ہے قوم نے ہمیشہ بدی کا ساتھ دیا، مجھے سیاست میں مسترد کر دیا، رکن قومی اسمبلی کی حیثیت سے ڈیڑھ سال تک سیاست کا جو حال دیکھا تو الگ ..... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

چمن موسلا دار بارش کے بعد سیلابی ریلے کے باعث علاقے میں داخل ہونے کا منظر

بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج طلب، مذمتی قرارداد پیش کی جائیگی

محکمہ داخلہ و قبائلی امور سے متعلق سوالات اور انکے جوابات دیئے جائیں گے

واشک و دیگر علاقوں میں سیلاب کی صورتحال پر قابو پانے کیلئے توجہ دلاؤ نوٹس پیش ہوں گے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا اجلاس میں گزشتہ دنوں صوبے میں..... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

کارساز روڈ حادثے میں گرفتار ملزمہ نتاشا کی جیل میں آؤ بھگت

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی کے کارساز روڈ پر ٹریفک حادثے میں گرفتار ملزمہ نتاشا کی جیل میں آؤ بھگت، ملزمہ نتاشہ کی دولت کی چمک نے جیل انتظامیہ کو اندھا کر دیا، نتاشا نے 19 اگست کو کارساز روڈ پر اپنی..... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

الیکشن کمیشن نے سی سی ٹی وی کیمروں کی ریکارڈنگ طلب کر لی

کوئٹہ (یو این اے) الیکشن کمیشن نے صوبائی اور ضلعی الیکشن کمشنرز کو مراسلہ بھی بھیج دیا الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) نے عام انتخابات کیلئے لگائے گئے تمام سی سی ٹی وی کیمروں کی ریکارڈنگ طلب ..... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

سردار عطا اللہ خان مینگل کی تیسری برسی آج منائی جائیگی

کوئٹہ مستونگ قلات خضدار نوشکی خاران سے ہزاروں افراد ورثہ پہنچ گئے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچ رہبر راہنما سردار عطا اللہ خان مینگل کی تیسری برسی آج 2 ستمبر کو عقی

صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی شیم الرحمان ماڈیل پے ناکستان سلم لیگ ان رکھون ہی کا وفد حال اور دیگر تیاریوں میں ملاقات کر رہا ہے

عمران خان ڈیل کی افرئی مرتبہ ٹھکرا چکے ہیں، سیف اللہ خان کاکڑ

آنے والی سیاسی انہیں غدر تھلیں ہے پاک قومی لیڈر کے طور پر یاد رکھیں گی

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) عمران خان آکسفورڈ یونیورسٹی کے چانسلر کے الیکشن میں ایسے آج تھی مسلسل دوبی آخر دوبی اسیدوار تھے، انہیں آج تھی مسلسل دوبی آخر دوبی میں ہم کو کوئی ڈیل نہیں کریگے۔ ان خیالات کا اظہار کاکڑ اسف کے رہنماء حافظ سیف اللہ خان کاکڑ نے ایک پریس کلب میں کیا انہوں کے کہا آکسفورڈ یونیورسٹی کے چانسلر کی دوڑ سے باہر کرنے کے لیے پاک اور دیگر طاقتیں ہے عمران خان پانچ برس پیکنڈ سے جیل میں تھے اور کوئی ایک اور خان دنیا کے اعلی ترین تھیلی اور سے چانسلر کون ملک دنیا کی ایک بڑی ملک ہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی تھی ۰ دین کے لیے کے لیں لیکن اور دیگر طاقتیں نے پانچ برس سے جیل میں ہیں عمران خان کا کیا ہوا ہے جیل رہا ہوتے ہیں اور انہیں اقتدار کے لیے کوئی ڈیل نہیں کریگے۔ ان خیالات کا اظہار کاکڑ اسف کے رہنماء حافظ سیف اللہ خان کاکڑ نے ایک پریس کلب میں کیا انہوں کے کہا آکسفورڈ یونیورسٹی کے چانسلر کی دوڑ سے باہر کرن

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و جب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

کوئٹہ شہر میں صفائی کے ناقص انتظامات اور گندگی کا ڈھیر مشرقی بائی پاس پر پھیل گئے، شہریوں کو مشکلات

مختلف علاقوں سے اٹھایا جانیوالا کچرا مشرقی بائی پاس کے علاقے کے قریب پھینک دیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے علاقے میں سانس لینا بھی دشوار ہو چکا، علاقہ مکین پریشان ہوگئے

بلدیہ کی ادویات کی تیاری سے تیار جانیوالا فضلہ اور مبینک کچرہ بھی مشرقی بائی پاس میں پھینکے کے بعد جلایا جاتا ہے شہر کے مختلف علاقوں میں کچرہ اٹھانے کا کوئی انتظام درست نہیں

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) کوئٹہ شہر میں کچرے کے مناسب انتظام کا فقدان ایک سنگین مسئلہ بن چکا ہے۔ کوئٹہ شہر میں صفائی کے ناقص انتظامات اور گندگی کے ڈھیروں کی وجہ سے مشرقی بائی پاس کی آبادی شدید مشکلات کا شکار ہے۔ کوئٹہ شہر کا تمام کچرا گزشتہ کئی سالوں سے مشرقی بائی پاس کے علاقے کے قریب پھینکا جا رہا ہے، جس کے نتیجے میں علاقے میں مکھی اور ہڈ بیلی بکثرت ہے پھر ان کے ڈھیروں سے نکلنے والی بدبو اور مکھی نے علاقے میں رہنے والوں کی زندگی کو تنگ بنا دیا ہے۔ اس کے علاوہ کچرے کی ادویات کا فضلہ اور مبینک کچرہ بھی مشرقی بائی پاس میں پھینکے کے بعد جلایا جاتا ہے اور ادویات کے دھوئیں سے سینے کے کینسر کا بھی خدشہ پیدا ہو گیا ہے۔ یہ کچرا انتظامی کمی کی بیماریوں کا باعث بنا ہوا ہے۔ مکھیوں، مچھروں اور چوہوں کی افزائش سے ملیریا اور دیگر بیماریوں کا پھیلاؤ اور تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ بچے اور بزرگ اس سے زیادہ متاثر ہو رہے ہیں اور انہیں مختلف طرح کی الرجی اور سانس کی بیماریاں لاحق ہو رہی ہیں اس سے بصرف ان کی صحت کو خطرہ ہے بلکہ ان کی سماجی زندگی بھی متاثر ہو رہی ہے۔ جبکہ حکومت کو چاہیے اس مسئلے کے حل کے لیے ابھی تک کوئی موثر اقدامات نہیں کیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق شہر کا سارا کچرا مشرقی بائی پاس کے علاقے کے قریب پھینک دیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے علاقے میں سانس لینا بھی دشوار ہو چکا ہے۔ مکھی اور ہڈ بیلی کے باعث یہاں کے لوگوں کو شدید قسم کی صحت کے مسائل کا سامنا ہے۔ متاثری رہائشیوں نے شکایت کی ہے کہ گندگی کے ڈھیروں کی وجہ سے یہاں کے بچے اور بزرگ مختلف بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں، جن میں سانس کی بیماریاں، جلدی الرجی اور پیٹ کی بیماریاں شامل ہیں۔ علاقے کے لوگوں نے بتایا کہ گندگی کے ڈھیروں کے قریب موجود آبادی میں ملیریا اور ڈیگو وائرس جیسی بیماریاں بھی پھیل رہی ہیں۔ اس کے علاوہ گندے پانی کی نکاسی نہ ہونے کی وجہ سے مچھروں کی افزائش میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ یہ کچرا اس علاقے میں پچھلے کئی سالوں سے پھینکا جا رہا ہے اور اس کے ڈھیر اب اتنے بلند ہو چکے ہیں کہ گاڑیاں بھی اس کے اوپر سے گزرنے لگی ہیں۔ اس کے علاوہ کچرے کو جلانے کے عمل سے پیدا ہونے والی زہریلی گیس نے علاقے کے مکینوں کی زندگی کو مزید مشکل بنا دیا ہے۔ اس کے علاوہ کچرے کے قریب موجود آبادی میں ملیریا اور ڈیگو وائرس جیسی بیماریاں بھی پھیل رہی ہیں۔ اس کے علاوہ گندے پانی کی نکاسی نہ ہونے کی وجہ سے مچھروں کی افزائش میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ علاقہ مکین پریشان ہیں اس کے باوجود کہ کوئٹہ شہر میں صفائی کے لیے کئی کمپنیاں کام کر رہی ہیں، کچرا اٹھانے کے لیے کوئی مؤثر اقدامات نہیں کیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق شہر کا سارا کچرا مشرقی بائی پاس کے علاقے کے قریب پھینک دیا جاتا ہے، جس کی وجہ سے علاقے میں سانس لینا بھی دشوار ہو چکا ہے۔ مکھی اور ہڈ بیلی کے باعث یہاں کے لوگوں کو شدید قسم کی صحت کے مسائل کا سامنا ہے۔ متاثری رہائشیوں نے شکایت کی ہے کہ گندگی کے ڈھیروں کی وجہ سے یہاں کے بچے اور بزرگ مختلف بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں، جن میں سانس کی بیماریاں، جلدی الرجی اور پیٹ کی بیماریاں شامل ہیں۔ علاقے کے لوگوں نے بتایا کہ گندگی کے ڈھیروں

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر: پیرزادہ بشیر محمد کامران ممتاز اے ایم ای (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر پیرزادہ ممتاز احمدؒ

گلبرگ A-4 نزد لاہور ہوٹل ہال روڈ لاہور سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر پیرزادہ ممتاز احمدؒ

ٹیلی فون نمبر: 2821626-2821538-2829164-2835934-2830228

ای میل: mashriqqta2008@gmail.com

پیر 02 ستمبر 2024ء

اسرائیلی جارحیت انسانی حقوق کے دعویدار ممالک خاموش کیوں؟

